10/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

چیف جسٹس

جسٹس سنجیو کمار ،جموں کشمیر  اور لداخ ہائی کورٹ کے انچارج چیف جسٹس بنائے گئے ہیں۔ ان کی تعیناتی آج سے عمل میں لائی گئی ہے اور اس سلسلے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنی منظوری دے دی ہے ۔

غور طلب ہے کہ موجودہ چیف جسٹس ، جسٹس تاشی ربستان کل نو اپریل کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے ۔ ان کی سبکدوشی کے سلسلے میں ہائی کورٹ کی جموں وِنگ میں کل ایک الوداعی تقریب منعقد ہوئی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے دیہی انفراسٹرکچر مضبوط کرنے کی سمت میں، پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے چوتھے مرحلے کے تحت منصوبے منظور کرنے کی غرض سے یوٹی سطح کی قائمہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

اٹل ڈلو نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ جموں کشمیر میں سڑک روابط سے محروم علاقوں میں ہر موسم میں چالو رہنے والے سڑک پروجیکٹ تعمیر کرنے کے لئے اس سکیم کو بروئے کار لائیں ۔

مہا ویر جینتی

آج مہا ویر جینتی ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوام کو اس دن کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ ایک پُر امن اور مناسب ماحول کی تعمیر کے لئے بھگوان مہا ویر کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو جائیں۔

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے بھی عوام کو مہا ویر جینتی کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی تعلیمات آج کے دور میں بھی مطابقت رکھتی ہےں ۔

فوج کی چنار کور نے بھی عوام کو اس دن کی مبارک باد پیش کی ہے ۔

باغ گلِ لالہ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ میں سیلانیونکی آمد کا سلسلہ لگاتار جاری ہے ۔ کل مزید 25 ہزار 203 سیلانیوننے باغ کی سیر کرکے قدرتی نظارونکا لطف اٹھایا، جن میں تین ہزار 106 مقامی ، 22 ہزار 15 ملکی اور 82 غیر ملکی سیاح شامل تھے۔

اب تک مجموعی طور پر 4 لاکھ 47 ہزار 28 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔

اس طرح سے رواں سیزن میں ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد محض 15 دن میں گزشتہ برس کی تعداد سے تجاوز کر گئی ہے ۔ پچھلے سال باغ گلِ لالہ جانے والوں کی مجموعی 4 لاکھ 46 ہزار 154 تھی۔

صوبائی کمشنر کشمیر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ عالمی سیاحتی مقام گلمرگ میں سیاحوں کے لئے سہولیات کا درجہ بڑھائیں۔

اس سلسلے میں انہوں نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے کیبل کار کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر کو ہدایت دی کہ وہ گنڈولہ کی آن لائن ٹکٹوں کی مقدار میں مزید اضافہ کریں۔

مختصرات

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران خواتین کے لئے قائم کردہ وَن سٹاپ سینٹر کی کارگزاری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف مسائل میں پڑی ہوئی خواتین تک پہنچنے کے لئے ایک سر گرم اپیروچ اپنانے پر زور دیا تاکہ ایسی خواتین تک بر وقت امداد پہنچائی جا سکے۔

ضلع لیگل سروسز اتھارٹی پلوامہ کی طرف سے سوچھتا ہی سیوا مہم کے تحت صفائی ستھرائی کی ایک مہم چلائی گئی جس میں بلاک ڈیولپمنٹ آفس نیوہ اور میونسپل کمیٹی پلوامہ کا بھی ساتھ رہا ۔

اِن Examinations ایک اہم پیش رفت کے تحت گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کو نیشنل بورڈ آف حاصل ہوئی ہے Accreditation کورس کے لئے Speciality میڈیکل سائنسز کی طرف سے سُپر
-

اضلاع

ہفتہ وار بلاک دِوس کے سلسلے میں کل مختلف اضلاع میں عوامی رابطہ کاری کے پروگرام منعقد کئے گئے ۔ ڈپٹی کمشنر آیوشی سدن نے بلاک ترہگام میں عوامی شکایات کی سماعت کی ۔ اور دیگر متعلقہ سکیموں سے بھر پور فائدہ اٹھانے HADPانہوں نے عوام کو پی ایم سوریہ گھر ، کی اپیل کی ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان شَشر گپتا نے زینہ پورہ میں منعقد ہ اس پروگرام کی صدارت کی ۔ انہوں نے بھی عوام کو پی ایم سوریہ گھر سکیم سے بھر پور استفادہ کرنے کے لئے کہا ۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی مسائل کی شنوائی کی ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے اجَس میں منعقدہ بلاک دوس کے پروگرام میں عوامی شکایات کے علاوہ ترقیاتی ضروریات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے عوامی مطالبات اور شکایات کی بر وقت چارہ جوئی کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

پولیس

سوپور پولیس نے ممنوعہ لشکر طیبہ سے وابستہ ملی ٹنٹوں ، براٹھ کلان کے رہنے والے بلال احمد میر اور محمد عمر میر کی سات مرلہ زمین قرق کر دی ہے ۔ پولیس نے کہا ہے کہ یہ اقدام غیر قانونی سرگرمیوں کے روکتھام سے متعلق ایکٹ کے تحت عمل میں لایا گیا ہے ۔

بانڈی پورہ میں پولیس جوانوں کی DPL بانڈی پورہ پولیس نے سوِک ایکشن پروگرام کے تحت سہولت کے لئے ایک بڑے مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا ۔

بڈگام پولیس کی جانب سے پولیس اسٹیشن کھاگ میں پولیس کمیونٹی پارٹنرشپ گروپ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس میٹنگ کا مقصد پولیس اور عوام کے بیچ رابطہ کاری کو بڑھانا ہے ۔

عرس

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر سید فخر الدین حامد نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران حضرت سخی زین الدین ولیؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے خاص طور پر شب بیداری اور روایتی
زو

---

ل کے انتظامات سے متعلق افسروں سے تفصیلات طلب کیں-¾

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ